# عبدیاہؔ
# کی نبُوّت

## عبدیاہؔ کی رُویا

1 عبدیاہؔ نبی کی رُویا۔

یَاھوِہ قادر اِدُوم کی بابت یُوں فرماتے ھیں،
ھم نے یَاھوِہ کی جانِب سے ایک پیغام سُنا ھے،
اَور اُن قوموں کے درمیان پیغام سُنانے کو ایک قاصِد روانہ کیا گیا ھے،
اُٹھو، آؤ ھم اِدُوم کے خِلاف جنگ کرنے کو چلیں۔
2 دیکھو، اَب مَیں تُمھیں مُختلف قوموں کے درمیان چھوٹا بناؤں گا،
تُم پُوری طرح سے ذلیل ھوگے۔
3 تمھارے تکبُّر دِل نے تُمھیں فریب دیا ھے،
اَے چٹّانوں کے شگاف میں رهنے والے،
اَور بُلندیوں پر اَپنا مکان تعمیر کرنے والے،
تُم جو اَپنے دِل میں کهتے ھو،
کس میں اِتنی قُوّت ھے جو مُجھے نیچے زمین پر لا سکے؟
4 یَاھوِہ فرماتے ھیں،
اگرچہ تُم عُقاب کی مانند بُلندی پر پرواز کرو

اَور سِتاروں پر اَپنا گھونسلہ تعمیر کرو،
تو بھی مَیں تُمھیں وہاں سے بھی نیچے اُتاروں گا۔
5 اگر تمھارے گھر میں چور آ جائیں،
یا رات کو ڈاکُو آ جائیں،
تو کیا وہ جِتنا چاہتے،
اُتنا مال لُوٹ کر نہ لے جائیں گے؟
اگر انگور توڑنے والے تمھارے پاس آتے،
تو کیا وہ کچھ انگور چھوڑ نہ جاتے؟
6 لیکن عیسَوؔ کو اِس قدر لُوٹا جائے گا،
کہ لوگ اُس کے پوشیدہ خزانے ڈھونڈ لیں گے۔
7 اَور تمھارے سارے حمایتی تُمھیں سرحد تک کھدیڑ دیں گے؛
تمھارے دوست تُم سے دغا کریں گے اَور تُمھیں اَپنے قبضے میں
کر لیں گے؛
جو تمھاری روٹی کھاتے ہیں وُھی تمھارے لئے جال بچھائیں گے،
لیکن تُمھیں اِس کا پتہ بھی نہ چلے گا۔

8 یَاھوِہ اعلان کرتے ہیں،
اُس دِن، کیا مَیں اِدُوم کے عقلمندوں
اَور عیسَوؔ کے پہاڑی صاحبِ فہم باشِندوں کو تباہ نہ کروں گا؟
9 اَے تیمانؔ، تمھارے بہادر خوفزدہ ہوں گے،
اَور عیسَوؔ کا ہر پہاڑی باشِندہ
ہلاک کر دیا جائے گا۔

10 اَے عیسَوؔ، اُس ظُلم کے سبب سے جو تُونے اَپنے بھائی یعقوب پر کیا
تھا،
تُو بہت شرمندہ ہوگا؛
اَور ہمیشہ کے لئے تباہ ہو جائے گا۔
11 جِس دِن پردیسی لوگ اُن کے شہروں میں داخل ہُوئے،
اُس دِن تُم دُور کھڑے ہُوئے سَب دیکھ رہے تھے،
وہ اُس کی دولت لُوٹ کر لے گئے،
اَور یروشلیمؔ کو ہڑپنے کے لئے قُرعہ ڈالے،
تو اُس وقت تُم بھی اُس کے دُشمنوں کی مانند سلُوک کر رہے
تھے۔
12 تمہارے لئے یہ مُناسب نہیں تھا کہ تُم اَپنے بھائیوں کے مُصیبت کے
دِنوں میں
خاموشی سے کھڑے ہوکر دیکھتے رہتے،
اَور بنی یہُوداہؔ کی ہلاکت کے دِن شادمان ہوتا،
اَور اُن کی مُصیبت کے دِنوں میں شیخی مارتا۔
13 تُمہیں مُناسب نہ تھا کہ تُم میرے لوگوں کی مُصیبت کے دِنوں میں،
اُن کے پھاٹکوں میں گھُستے،
اَور اُن کی تباہی کے دِن
خاموش رہ کر دُور کھڑا ہوکر تماشا دیکھتے رہتے،
اَور اُن کی تباہی کے دِن
اُن کا مال لُوٹتے۔
14 تمہارے لئے یہ مُناسب نہ تھا کہ اَپنی جان بچا کر فرار ہونے والوں
کا

سَر قلم کرنے کو چوراھوں پر کھڑے ہوتے،
اَور اُن کی مُصیبت کے دِنوں میں
زندہ بچے ہوؤں کو اُن کے دُشمنوں کے حوالہ کرتے۔

15 کیونکہ سَب قوموں کے واسطے،
یاھوِہ کا مُقرّر دِن نزدیک ہے،
جَیسا تُم نے کیا ہے وَیسا ہی تمہارے ساتھ بھی کیا جائے گا؛
تمہارا کیا ہُوا تمہارے ہی سَر پر آئے گا۔
16 جِس طرح تُم نے میرے مُقدّس پہاڑ پر وہ پیالہ پیا،
اُسی طرح سَب قومیں مُتواتر پیئیں گی؛
وہ پیتی رہیں گی
اَور اَیسی ہو جائیں گی گویا کبھی وُجُود میں ہی نہیں تھیں۔
17 لیکن رِہائی کوہِ صِیّونؔ پر مَوجُود ہوگی؛
اَور وہ مُقدّس مقام ہوگا،
اَور بنی یعقوب اَپنی مِیراث پر قابض ہوں گے۔
18 بنی یعقوب آگ کی مانند
اَور بنی یُوسیفؔ شُعلہ کی مانند ہوں گے؛
اَور بنی عیسوؔ بچے ہُوئے بھُوسے کی مانند ہوں گے،
جنہیں وہ آگ میں جَلا کر ہلاک کر دیں گے۔
اَور بنی عیسوؔ کے نَسل میں سے
کوئی بھی باقی نہ بچے گا۔
کیونکہ یہ یاھوِہ کا فرمان ہے۔

19 اَور نِیگیوؔ کے باشِندوں کا
عیسَوؔ کے پہاڑ پر کا اِختیار ہو جائے گا،
اَور میدان کے باشِندے
فلسطین مُلک کے مالک ہوں گے۔
وہ اِفرائیمؔ اَور سامریہؔ کے کھیتوں پر قابض ہوں جائیں گے،
اَور بِنیامین گِلعادؔ پر قابض ہو جائے گا۔
20 اَور بنی اِسرائیل کے سَب جَلاوطن لوگ
جو کنعانؔ میں صارفت تک ہیں
اَور یروشلیمؔ کے وہ جَلاوطن جو سفارادؔ میں ہیں
وہ نِیگیوؔ کے شہروں پر قابض ہو جائیں گے۔
21 اَور رِہائی دینے والے کوہِ صِیّونؔ پر چڑھیں گے
تا کہ عیسَوؔ کے پہاڑ پر حُکمرانی کریں۔
اَور سلطنت یَاہوِہ کی ہو جائے گی۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" اَور ریاست ہائے متحدہ کے حُقوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کے Biblica Inc
دفتر نشان درج میں وہیں۔ اجازت کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ جاتا
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f